پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

جماعت۔ ششم	مضمون۔ اردو لازمی	کتاب کا نام۔ چمپا
سبق کا نام۔ لُغت کیا ہے؟	صفحہ نمبر۔ 32 تا 35	پہلی سہ ماہی

نوٹ

موضوع لغت کیا ہے کی اچھے طریقے سے پڑھائی کریں اور درج ذیل مشقی سوالات کو یاد کریں۔

1۔ لغت کیا ہے؟

جواب: لغت الفاظ کی ایک طویل فہرست ہے جس کے ذریعے ہم نہ صرف الفاظ سے واقف ہوتے ہیں بلکہ ہمیں بہت سی معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں۔

2۔ لغت سے حاصل ہونے والی کوئی سی چار معلومات بیان کریں۔

جواب: لغت سے حاصل ہونے والی چند معلومات درج ذیل ہیں

1۔ الفاظ کے درست ہجے

2۔ معانی "بہت سے الفاظ کے ایک سے زیادہ معانی بھی ہوتے ہیں"

3۔ لفظ مذکر بولا جاتا ہے یا مؤنث

4۔ بنیادی طور پر کس زبان کا لفظ ہے

3۔ لغت میں الفاظ کس ترتیب سے درج کیے جاتے ہیں؟

جواب: لغت میں الفاظ حروف تہجی کی ترتیب سے درج کیے جاتے ہیں۔

4۔ کوئی ایسا لفظ بتائیے جو گفتگو میں استعمال کرنے اور پڑھنے میں مختلف لگتا ہو۔

جواب: "بالکل" ایسا لفظ ہے جو گفتگو میں استعمال ہونے اور پڑھنے میں مختلف لگتا ہے کیونکہ الف کی آواز خذف کر دی جاتی ہے۔

گھر کا کام

1۔ آپ چھوٹے بچوں کے لیے منتخب الفاظ پر مشتمل تصویری لغت بنائیے۔

2۔ دیئے گئے الفاظ کے معانی لغت میں سے تلاش کر کے لکھیے۔

راقم، وجوہ، کاہل، بااختیار، کفایت، کرتب، پرورش، پُر فضا

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

جماعت۔ ششم	مضمون۔ اردو لازمی	کتاب کا نام۔ چمپا
سبق کا نام۔ لُغت کیا ہے ؟	صفحہ نمبر۔ 32 تا 35	پہلی سہ ماہی

متفرق سرگرمیاں

سرگرمی نمبر 1

ان الفاظ کو حروف تہجی کی ترتیب سے لکھیے۔

چُپ، سزا، سکول، پانچ، صابن، کتاب، عادت، عابد، پرچم، قوت، روبرو، برعکس

سرگرمی نمبر 2

نامکمل جملوں کو اپنی پسند کے مطابق مکمل کریں۔

1۔ احمد نے سکول کا کام نہیں کیا کیونکہ..

2۔ ہمارے گھر کل مہمان آئے اور..

3۔ میرے والد بیرونِ ملک اس لیے رہتے ہیں تا کہ..

4۔ آج میں بہت خوش ہوں..

5۔ میرا بھائی امتحان میں کامیاب ہوا تو..